نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کا کپاس کی فصل کے عالمی دن کے حوالے سے پیغام

لاہور 07 اکتوبر 2022: کپاس کی فصل نہایت اہمیت کی حامل ہے۔کپاس کی فصل کے حوالے سے بین الاقوامی سطح پر ہر سال 7 اکتوبر کو خصوصی دن منایا جاتا ہے جو اس کی اہمیت کو واضح کرتا ہے۔کپاس دنیا بھر کی ٹیکسٹائل انڈسٹری کیلئے خام مال کا واحد ذریعہ ہے اور آج کے دن کا مقصد کپاس کی فصل کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے لئے درپیش چیلنجز اور ان کے حل کے بارے میں ایک موثر لائحہ عمل تیار کرنا ہے۔کپاس کی فصل ہماری ملکی معیشت کے لئے بھی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔اس لئے پاکستان بھر میں آج کپاس کا خصوصی دن منایا جارہا ہے۔ہماری ملکی ایکسپورٹ کا قریباً 60 فیصد درومدار کپاس پر ہے جس سے کثیر زرِمبادلہ حاصل ہوتا ہے۔پاکستان اللہ کے فضل سے کپاس پیدا کرنے والا چوتھا بڑا ملک ہے۔اگرچہ گزشتہ چند سالوں میں کپاس کی پیداوار میں کمی واقع ہوئی ہے لیکن حکومت پنجاب کپاس کی پیداوار بڑھانے کے لئے بھرپور کوشش کررہی ہے۔کپاس کی پیداوار میں اضافہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔حکومت پنجاب کی کوششوں سے سال 22-2021 کے دوران کپاس کے زیر کاشت رقبہ میں گزشتہ سال کی نسبت قریباً 16 فیصد اضافہ ہوا لیکن امسال جنوبی پنجاب میں سیلاب کی وجہ سے کپاس کے 2 لاکھ 34 ہزار ایکڑ رقبہ کو نقصان پہنچا جس سے پیداوار میں کمی واقع ہوئی ہے۔اس کے علاوہ جاری صوبہ پنجاب میں جاری موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ اور بیج کی منظور شدہ اقسام کاشت نہ کرنے کے باعث بھی پیداوار میں کمی کا سامنا ہے۔حکومت پنجاب اس حوالے سے منظور شدہ اقسام کے بیج کی کاشتکاروں تک فراہمی کے لئے بھرپور توجہ دے رہی ہے۔اس وقت کپاس کی چنائی کا عمل جاری ہے۔اس لئے میں آج کے دن کے حوالہ سے اپنے کاشتکار بھائیوں کو پیغام دینا چاہتا ہوں کہ وہ کپاس کی صاف چنائی پر خصوصی توجہ دیں تاکہ عالمی منڈی میں اچھے دام فروخت ہو سکے۔اُمید ہے کہ آج کے دن تمام اسٹیک ہولڈرز ایسی تجاویز دیں گے جو کپاس کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیلئے مفید ہوں گی جس سے پاکستان کی انڈسٹری کو تقویت ملنے کے ساتھ ساتھ کپاس اور اس سے بنی مصنوعات کی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔

☆☆☆☆